Muftstudy.com

CLASS 10TH REVISION & TEST SESSION

NAME:		ROLL NO:		T. Marks	50
SUB:	Urdu	نظم: آدمی نامہ، نثری سبق: محسنِ محلہ، تفہیم عبارت، گرامر		CLASS:	10th

سوال نمبر1۔درست جواب کا انتخاب کریں۔ 8

نمبر شمار	سوالات	(الف)	(ب)	(ج)	(د)
1	"اعلیٰ وادنیٰ" کی تقسیم ہے:	فطری	قدرتی	سماجی	قانونی
2	نظیر اکبر آبادی کی شاعری ہے:	رومانوی	کلاسیکی	درباری	عوامی
3	ماسٹر صاحب نے دو سو روپے ادھار طلب کیے:	اسماعیل بزاز سے	ڈاکٹر سے	بابو جلال سے	شیخ کریم نواز سے
4	ماسٹر الیاس نے مرغے کی ایک ٹانگ میں چھلا ڈال رکھا تھا:	سونے کا	لوہے کا	تانبے کا	پیتل کا
5	اسم مصغر کی نشاندہی کیجیے۔	پگڑ	گھر	کتب خانہ	پیالی
6	مصدر کی اقسام ہیں:	ایک	دو	تین	چار
7	"صحن" قواعد کی رو سے ہے:	اسم اشارو	اسم آلہ	اسم ظرف مکاں	اسم مکبر
8	درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔	اَرشَاد	اَرِشَاد	اِرشَاد	اَرشَادْ

سوال نمبر2۔درج ذیل نظم کے شعر کی تشریح کریں اور شاعر کا نام لکھیں۔ (2)

ابدال و قطب و غوث و ولی آدمی ہوئے
منکر بھی آدمی ہوئے اور کُفر کے بھرے

سوال نمبر3۔درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کی جیے اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان، مصنف کا نام، اور سیاق و سباق تحریر کریں۔ 10

جب وہ یہ کہہ کر چلا گیا تو ماسٹر الیاس نے بچاس روپے فرش پر سے اٹھا کر اپنی واسکٹ کی جیب میں ڈال لیے، پھر وہ اپنی ٹھڑی کے اندر جا کر چارپائی پر دکھی سے ہو کر بیٹھ گئے اور شدید غم کے باعث ان کی گھگّی بندھ گئی اور یہ پہلا موقع تھا کہ روئے بغیر کسی شخص کی، گھگّی بندھی ہو! وعدے کے مطابق مالک مکان نے ان کا سامان اٹھا کر باہر پھینک دیا۔ ماسٹر صاحب کی چارپائی ٹرانسفارمر والے دو کھمبوں کے پیچھے لگا دی اور ان کا باقی سامان اس کے ارد گرد چُن دیا۔ اس نے کوٹھڑی کو نیا چینی تالا لگا اور سکاٹر پر سوار ہو کر اپنے گھر چلا گیا۔ اس کا گھر اس محلے سے کافی دُور تھا اور وہ اپنی کوٹھڑیوں کا کرایہ وصول کر ہلفبہ ماہ آیا کرتا تھا۔

سوال نمبر4۔ مختصر جواب تحریر کریں۔ 6

1۔ماسٹر الیاس میں نمونیہ تشخیص کس نے کیا تھا؟

2۔ماسٹر الیاس کون تھے اور ان کا تعلق کس شہر سے تھا؟

3۔"زہد و ریاضت" کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر5۔درج ذیل نثری سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ 4

محسنِ محلہ

سوال نمبر6۔درج ذیل عنوان پر مضمون لکھیں۔ 10

دیانت داری، توانائی کا بحران، سیلاب

سوال نمبر7۔درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیں۔ 10

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک برا دوست اپنی بد کرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں۔اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کہ برائی کہ طرف مائل کرتی ہیں۔اسی طرح کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں، سفر نامے، تاریخی اور مزہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسانیت اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات:

کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

برا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

طالب علم کے لیے کون سی کتابیں مفید ہیں؟

اس عبارت کا عنوان لکھیے۔